## آج انقلاب کی دستک ہر جگہ سنائی دے رہی ہے۔الطاف حسین

## نوجوان خصوصاً طلباء وطالبات، مائیں بہنیں اپنے آپ کو انقلاب کیلئے تیار کرلیں

## کرپٹ عناصر نے لوٹ لوٹ کر ملک کو کنگال کردیا ہے جس کی وجہ سے آج ملک کو چلانا مشکل ہو گیا ہے

## اگر یہی صورتحال رہی تو کہیں ''خاکم بدہن'' ایسا نہ ہو کہ پاکستان کو انٹرنیشنل میڈیا پر اشتہار دیکر ٹھیکے پر یا پٹے پر دینا پڑے

## عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ پر ایم کیو ایم کے کارکنان اور رضا کاروں سے خطاب

کراچی۔۔۔20/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا کہ کرپٹ عناصر نے لوٹ لوٹ کر ملک کو کنگال کردیا ہے جس کی وجہ سے آج ملک کو چلانا مشکل ہو گیا ہے، اگر یہی صورتحال رہی تو کہیں ''خاکم بدہن'' ایسا نہ ہو کہ پاکستان کو انٹرنیشنل میڈیا پر اشتہار دیکر ٹھیکے پر یا پٹے پر دینا پڑے۔ آج انقلاب کی دستک ہر جگہ سنائی دے رہی ہے لہٰذا نوجوان خصوصاً طلباء و طالبات، مائیں بہنیں اپنے آپ کو انقلاب کیلئے تیار کرلیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عیدالاضحیٰ کے تیسرے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت چرم قربانی کے حصول کے سلسلے میں قائم مرکزی کیمپ میں ایم کیو ایم کے ذمہ داروں، کارکنوں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے اپنے خطاب میں کیا۔ ملک کی ابتر صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کی معاشی صورتحال انتہائی خراب ہے اور حکمراں ملک کو چلانے کیلئے کبھی ورلڈ بینک، کبھی آئی ایم ایف اور کبھی دیگر بڑے مالیاتی اداروں سے قرضے لے رہے ہیں اور ان قرضوں کے عوض نوٹ چھاپ رہے ہیں، ان لوگوں نے ملک کو کنگال کردیا ہے اور ملک تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان ملک کو اس نہج پر لیجانے نہیں دیں گے اور متحد و منظّم ہو کر ملک کو نہ صرف بچائیں گے بلکہ ایک ہو کر انقلاب فرانس طرز پر ملک میں انقلاب لائینگے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا پیغام دور دور تک پہنچ چکا ہے، چھوٹے بڑے دیہات ہوں یا قصبات ملک کا کوئی علاقہ ایسا نہیں جہاں ایم کیو ایم کے چاہنے والے نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں، ہاریوں، کسانوں، کاروکاری کی بھینٹ چڑھنے والی مظلوم خواتین اور غربت، بھوک اور افلاس میں مبتلا افراد کی نمائندہ جماعت ایم کیو ایم ہے اور انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب یہ غریب و مظلوم عوام اپنے اتحاد سے ملک میں انقلاب لائیں گے اور عوام کے درمیان سے آنے والے لوگ ملک کا اقتدار سنبھالیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم زبانی باتیں اور دعوے کرنے والے نہیں بلکہ عملی کام کرنے والے لوگ ہیں۔ قوم نے دیکھا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو سٹی گورنمنٹ میں چند سال خدمت کرنے کا موقع دیا گیا تو ہمارے حق پرست نمائندوں نے شہر کو اتنی ترقی دی اور عوامی فلاح کے وہ کام کئے جو 63 سالوں میں کسی سیاسی جماعت نے نہیں کئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک کی باگ ڈور ایم کیو ایم کو دیدی جائے تو ایم کیو ایم ملک کو چند سالوں میں دیگر ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لاکھڑا کرے گی۔ اگر ایم کیو ایم کو ملک کا اقتدار ملا تو وہ ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار پیش کرے گی، ہم ملک سے لوٹ مار اور کرپشن کا خاتمہ کریں گے، بینکوں سے قرضے لیکر ہڑپ کرنے والوں سے رقم واپس لیں گے اور لوٹی ہوئی رقم واپس لیکر سرکاری خزانوں میں ڈالیں گے۔ ایم کیو ایم معاشی بہتری کیلئے اضافی نوٹ چھاپنے کا سلسلہ بند کرے گی، ملک بھر میں چھوٹی چھوٹی صنعتوں کا جال بچھا کر لوگوں کو کاروبار کے مواقع فراہم کرے گی، جن تاجر و صنعت کاروں نے بیرون ملک پیسہ لگایا ہے ان سے ملک کی دولت واپس لیکر ملک میں لگائی جائے گی اور ملک کے تمام اداروں کو بہتر سے بہتر بنائے گی، صحت کے نظام کو بہتر بنائے گی، دہرے نظام تعلیم کا خاتمہ کیا جائے گا۔ ہم ملک کی خارجہ پالیسی خود ترتیب دینگے اور کسی سے قرضے نہیں لیں گے، ہم ملک سے سفارش کا خاتمہ کریں گے اور ہر شعبہ میں میرٹ کا نظام رائج کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کسی ایک زبان بولنے والے یا کسی ایک طبقہ کی جماعت نہیں بلکہ یہ ملک کی واحد جماعت ہے جس میں تمام لسانی اکائیاں اور تمام مذاہب و مسالک سے تعلق رکھنے والے افراد شامل ہیں، ایم کیو ایم ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، ملک میں ایسی کوئی بھی سیاسی جماعت نہیں ایم کیو ایم کی طرح ملک کے غریب مظلوم عوام ہاری، کسان اور مزدوروں کی نمائندہ جماعت بن کر انکے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ اور اس عیدالاضحیٰ کے موقع پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو نہ صرف کراچی اور سندھ کے دیگر شہری علاقوں سے بہت بڑی تعداد میں قربانی کی کھالیں حاصل ہوئی بلکہ اس مرتبہ صوبہ پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے شہروں سے بھی قربانی کی کھالیں وصول ہوئیں۔ حتیٰ کہ سمندر کے درمیان موجود چھوٹی چھوٹی آبادی کے لوگوں نے کشتیوں کے ذریعے قربانی کی کھالیں جمع کرکے ایم کیو ایم کے دفتر پہنچائیں۔ یہ صرف اور صرف ایم کیو ایم کے نظریہ اور فکر و فلسفے کی سچائی کا ثبوت ہے، آج ملک بھر میں مختلف قومیتوں برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہو کر ملک سے جاگیردارانہ و ڈیرانہ نظام کے خلاف جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایم کیو ایم پر لسانیت کے بے بنیاد الزامات لگائے گئے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو ملک کی تمام قومیتوں، برادریوں، مذاہب اور مسالک کے گلدستے کی مانند ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں پورے وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ

پاکستان میں ایم کیوایم کے علاوہ کسی بھی سیاسی یا مذہبی جماعت میں تمام لسانی اور مذہبی اکائیاں موجود نہیں اور نہ ہی کوئی سیاسی جماعت ان کی نمائندگی کررہی ہے صرف ایم کیوایم ہی واحد جماعت ہے جو تمام کی نمائندہ جماعت ہے اوران تمام محروم لوگوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جسکے رہنماؤں اور کارکنان اورتحریک کے بانی وقائد کے درمیان کوئی اونچ نیچ نہیں اور نہ ہی کوئی فرق موجود ہے، ایم کیوایم میں کارکنوں کو غلام اورنوکر نہیں سمجھا جاتا ہے لیکن بعض بڑی بڑی سیاسی جماعتوں کے رہنماء کارکنان کو اپنا غلام اورنوکر تصور کرتے ہیں، وہ کارکنوں کے ساتھ ملکر خود کام نہیں کرتے بلکہ کام کے وقت محض فوٹوسیشن کیلئے آجاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اللہ اوراس رسول ﷺ کے احکامات اوراس کے بتائے ہوئے راستے پر اپنی بساط کے مطابق چلنے کی بھرپور کوشش کررہی ہے اس کا ثبوت یہ ہے کہ آج کے اجتماع میں جس پیار، محبت اورخلوص اورعزت کے ساتھ تمام لسانی اکائیوں سے تعلق رکھنے والے افراد اورتمام قومیتوں کے افراد شریک ہیں، اس میں مائیں، بہنیں بھی شریک ہیں اور یہاں بیٹھا ہوا ہرفرد یہ محسوس نہیں کرتا کہ وہ اردو یا سندھی بولنے والا یا کوئی اور زبان بولنے والا ہے بلکہ یہاں موجود تمام کارکنان ایک خاندان کی حیثیت سے موجود ہیں۔جس جذبے کے تحت اس خاندان نے پاکستان بنایا تھا اسی جذبے کے تحت یہ خاندان پاکستان کو بچائے گا اور ملک کے کچلے ہوئے حقوق سے محروم لوگ جو کل تک بکھرے ہوئے تھے اور ملک کی قبضہ مافیا، کرپشن مافیا، لینڈ مافیا، سرمایہ داروں، جاگیرداروں کے اثر میں زندگی گزاررہے تھے آج انکے درمیان ایک نئی امنگ پیدا ہوئی ہے، یہ امنگ انہیں ایم کیوایم نے فراہم کی ہے، اب تمام صوبوں کی لسانی اکائیوں کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے افراد استحصالی طبقہ کے بوجھ تلے نہیں دبیں گے، اب انکی نظریں ایم کیوایم کی طرف ہیں جو اس ملک میں جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کیخلاف آواز بلند کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بڑی بڑی جماعتوں نے ملک کی نمائندہ جماعت ہونے کا دعویٰ کیا اورکئی بار وزارتوں کے مزے لوٹے لیکن انہوں نے ملک کے غریب عوام کے بارے میں نہیں سوچا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے جو پیش پیش رہے یہی نہیں بلکہ سی آئی سینٹر کراچی میں خودکش بم دھماکہ کے بعد جائے وقوع پر سب سے پہلے پہنچ کر متاثرہ افراد کے زخموں پر مرہم رکھا اورعید کے موقع پر ان کے ہمراہ رہ کر انکے دکھوں کا مداوا کیا۔انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم کے سوا ایسی کوئی سیاسی جماعت موجود نہیں جو مشکل کے وقت عوام کے درمیان موجود ہو اورانکے دکھوں کا مداوا کرے۔ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو مصیبت اورمشکل کے ہروقت میں عوام کے درمیان موجود ہے اوران کی بلاتفریق رنگ ونسل خدمت کررہی ہے۔جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر کراچی سمیت ملک بھر میں چرم قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں دن رات محنت ولگن سے کام کرنے پر سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخوا، آزادکشمیراورگلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے تمام یونٹس، سیکٹرز، صوبائی کمیٹیوں اورڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں اور رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے ارکان کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین اور شاباش پیش کی۔انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی کے کی کھالوں کو ٹھکانے لگانے والے مزدوروں اورشہر میں صفائی ستھرائی کے کام ایمانداری سے انجام دینے پر تمام ذمہ داران واہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور امن وعامہ کی صورتحال کو بہتر طور پر کنٹرول کرنے پر ڈی جی رینجرز سمیت رینجرز اور پولیس کے تمام افسران اورجوانوں کو ایمانداری سے خدمات انجام دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔

## عیدالاضحیٰ کی خوشیوں کو بلائے طاق رکھ کر جذبہ انسانیت اور جذبہ ایثار کے تحت دن رات محنت ولگن کے ساتھ قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین اور شاباش

لندن۔۔20 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عیدالاضحیٰ کی خوشیوں کو بلائے طاق رکھ کر جذبہ انسانیت اور جذبہ ایثار کے تحت دن رات محنت ولگن کے ساتھ قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر رابطہ کمیٹی، ایم کیوایم، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں اور تمام شعبہ جات کے ذمہ داران وارکان کو زبردست خراج تحسین اور شاباش اور عید کی مبارکباد پیش کی ہے۔وہ جمعہ کی شب نذیر میڈیل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ فیڈرل بی ایریا میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قربانی کی کھالوں کے سلسلے میں لگائے گئے کلیکشن کیمپ میں خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، کے کے ایف چیف ٹرسٹی مصطفیٰ کمال، ارکان رابطہ کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی، شعبہ خواتین کی ذمہ داران، ڈیفنس کلفٹن، سوسائٹی، نارتھ ناظم آباد اورگلشن ریزیڈنٹ کمیٹی کے انچارجز وارا کین مختلف تنظیمی شعبہ جات کے ذمہ داران اورایم کیوایم کے کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی۔جناب الطاف حسین نے قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، شعبہ خواتین، شعبہ اطلاعات، نیوز سیکشن، ویڈیو کمیٹی، فوٹو کمیٹی، کراچی تنظیمی کمیٹی، صوبائی تنظیمی کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، ایڈمنسٹریشن کمیٹی، اے پی ایم ایس او، خدمت خلق فاؤنڈیشن، ایمولینس سینٹر سوشل فورم، بورڈ کمیٹی، ٹرانسپورٹ کمیٹی، محبان پاکستان، گلگت بلتستان کمیٹی، لیٹریری کمیٹی، سیکورٹی کمیٹی، ایلائڈ رز ونگ، میڈیکل ایڈ، لیگل ایڈ، ایمپلائمنٹ، کراچی مضافاتی کمیٹی، علماء کمیٹی، ورکرز مسائل کمیٹی، شہداء اسیران، اسپیچ

کمیٹی، الیکشن سیل، اقلیتی امور کمیٹی، لیبر ڈویژن، ایف ایف سی، ایم کیوایف، کیم ونگ، امدادی کمیٹی، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی، تمام زون، سیکٹرز، یونٹس، کے ذمہ داران وکارکنان کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میرے جگر کے ٹکڑوں، دھڑکنوں، میرے پیاروں، بہادراور نیڈر ساتھیوں، نہ جھکنے والوں، نہ ڈرنے والوں، نہ بکنے والوں، جس طرح تم نے عید کی خوشیاں چھوڑ کرانسانیت کے جذبہ کیلئے دن رات کام کیا اوردکھ انسانیت کی خدمت میں حصہ لیا اس پر میں تمھارے ماتھے کو بوسہ دے کر تمھیں خراج تحسین اورزبردست شاباش پیش کرتا ہو، انہوں نے کہا کہ ایک ایک ساتھی کا نام جب لیا جائے کہ جس جماعت میں گنتی کے کارکنان ہوں لیکن الحمدللہ ایم کیوایم میں ملک بھر کے لاکھوں کارکنان موجود ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کارکنان کو دعائیں دیتے ہوئے کہا اللہ تعالیٰ آپ پرکرم کرے، آپ پر رحمتیں نازل فرمائے اور آپ کو طاقت اورصحت وتندورسی عطا فرمائے۔

## مشاہد حسین سید کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت ماں کا کوئی نعم البدل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو صبر دے، الطاف حسین والدہ کے انتقال سے محسوس ہورہا ہے کہ ہم یتیم ہوگئے، مشاہد حسین سید

## مشاہد حسین کی والدہ محترمہ کے انتقال پر الطاف حسین کا مسلم لیگی رہنما سے ٹیلی فون پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔۔20نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ق) کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین سید کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مشاہد حسین سید سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین سے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ق) کے سیکریٹری جنرل مشاہد حسین سید کو ٹیلی فون کرکے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی تعزیت کی۔ انہوں نے کہا کہ ماں دنیا کی عظیم ہستی ہے، ماں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا اور ماں جیسی ہستی کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد انسان کو ماں کے وجود اورقدر کا احساس ہوتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے مشاہد حسین سید کو صبر کی تلقین کرتے ہوئے انکی والدہ محترمہ کے انتقال پر اپنی، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے تمام ارکان، ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورکہا کہ ہم سب آپ کی والدہ محترمہ کے بلند درجات کیلئے دعاگو ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، انہیں کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ دے اورتمام سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ مشاہد حسین سید جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہمارے لئے بہت بڑا صدمہ ہے اور والدہ کے انتقال پر ہمیں محسوس ہورہا ہے کہ ہم یتیم ہوگئے ہیں۔ انہوں نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## الیکٹرونک وپرنٹ میڈیا کے نمائندگان کو جناب الطاف حسین کی جانب سے عید کی مبارکباد اورخراج تحسین

لندن۔۔20نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے سلسلے میں نذیر میڈیکل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ فیڈرل بی ایریا میں کلیکشن کیمپ پر جمعہ کی شب ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ذمہ داران وکارکنان سے خطاب کرتے ہوئے الیکٹرونک وپرنٹ میڈیا کے انیکر پرسن، رپورٹرز، فوٹوگرافرز کیمرہ مین اور عملے دیگر ارکان کو بھی عید کی مبارکباد، اورخراج تحسین پیش کیا ہے۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کارکنان کو تاقید کرتے ہوئے کہا کہ جولوگ ایم کیوایم کے حق میں لکھتے ہیں یا اس کی مخالفت میں آپ اپنے تحفظات کے باجود ان تمام چینل اوراخبارات کو بھی اپنا اخبار اور چینل سمجھیں اوران کی عزت واحترام کریں۔

## شہر میں امن امان برقرار رکھنے پر سیکورٹی کے مناسب انتظامات پر رینجرز، پولیس اور دیگر سرکاری اداروں کو الطاف حسین کی جانب سے عید کی مبارکباد اور زبردست خراج تحسین

لندن۔۔20نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر میں امن امان کے سلسلے میں سیکورٹی کے مناسب انتظامات کرنے پر ڈی جی رینجرز، پولیس اور دیگر سرکاری اداروں کے ایک ایک ایماندار افسر اوران کے ماتحت کام کرنے والے،نوجوانوں سمیت تمام اہلکاروں کوعیدالاضحیٰ کی مبارکباد اور زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ یہ مبارکباد وخراج تحسین جناب الطاف حسین نے جمعہ کی شب عیدالاضحیٰ کے موقع پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت نذیر میڈیکل یونیورسٹی کے طارق گراؤنڈ فیڈرل بی ایریا میں کلیکشن کیمپ پر ایم کیوایم اور کے کے ایف کے ذمہ داران وکارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے کاموں اورالائشوں کوٹھکانے لگانے کے کام کرنے والے تمام افسران وکارکنان کوبھی عید کی مبارکباد اور شہر کوصاف ستھرا رکھنے پر خراج تحسین پیش کیا۔

## ایشین گیمز میں گولڈ میڈل حاصل کرنے پر پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کو ایم کیوایم شعبہ خواتین کی مبارکباد

کراچی۔۔۔20نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے ایشین گیمز میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی شاندار کامیابی پر کپتان سمیت پوری ٹیم کومبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے کہا کہ چین کے شہر گوانگ ژو میں ایشن گیمز کے فائنل میں بنگلہ دیش ویمنز کرکٹ ٹیم کوشکست دیکر گولڈ میڈل جیتنے پر پاکستانی قوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے شاندار کارکردگی دکھا کرعیدالاضحیٰ کی خوشیوں کودوبالا اور کرکٹ کی دنیا میں پاکستان کا نام روشن کردیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم آئندہ بھی اپنی فتوحات کا سلسلہ جاری رکھ کرقوم کا سرفخر سے بلند کرتی رہے گی۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اولڈ ملیر سیکٹر یونٹ مراد میمن گوٹھ یوسی 1 کے کارکن وقاص میمن کے والد نور محمد اور اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ علامہ اقبال کالونی یوسی 11 کے کارکن عابد سومرو کی ہمشیرہ رانی بیگم،کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن منصور خان (شہید)اور طارق خان کے والد مسعود خان اور فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ149 کے کارکن محمد شاہد بدر کے والد بدرالدین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لوحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## عوام اور کارکنان معروف ادیب یاور مہدی کی جلد صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں،الطاف حسین کی اپیل

کراچی۔۔۔20نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف ادیب یاور مہدی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد مکمل صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ یاور مہدی کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

**آزاد کشمیر کے عوام جب تک برادری سسٹم کی زنجیروں سے خود کو آزاد نہیں کرینگے اس وقت تک انکی قسمت نہیں بدلے گی۔آزاد کشمیر کے وزیر سیاحت اور ایم کیو ایم کے رہنما طاہر کھوکھر**

**قائد تحریک الطاف حسین نے آزاد کشمیر کے عوام میں پہلی مرتبہ غریب و متوسط طبقہ کی قیادت کا صرف شعور ہی نہیں دیا بلکہ متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو آزاد کشمیر کی اسمبلی میں بھیجا**

**برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں ایم کیو ایم یو کے کے زیر اہتمام منعقدہ استقبالیہ سے خطاب**

**قائد تحریک الطاف حسین نے غریب و متوسط طبقہ کے انقلاب کی جو فکر دی وہ پورے ملک کی آواز بن گئی ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش**

**کشمیری کمیونٹی جس تیزی سے متحدہ کی جانب سے راغب ہورہی ہے وہ قائد تحریک الطاف حسین کی سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔منشاء خان**

**ایم کیو ایم کے نمائندوں نے اپنے ذاتی مفادات کی سیاست کرنے کے بجائے عوام کے مفادات کیلئے کام کیا ہے۔محمد شفق**

شیفیلڈ۔۔۔20 نومبر 2010ء

آزاد کشمیر کے وزیر سیاحت اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے رہنما طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام جب تک برادری سسٹم کی زنجیروں سے خود کو آزاد نہیں کریں گے اس وقت تک ان کی قسمت نہیں بدلے گی۔انہوں نے یہ بات برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں ایم کیو ایم یو کے کے زیر اہتمام منعقدہ استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔استقبالیہ میں شیفیلڈ میں آباد کشمیری کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں، بزرگوں اور ایم کیو ایم یو کے کے کارکنوں نے شرکت کی جبکہ تقریب سے طاہر کھوکھر کے علاوہ ایم کیو ایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن منشاء خان اور ایم کیو ایم شیفیلڈ کی کمیٹی کے رکن اور مقامی کونسلر شفق محمود نے بھی خطاب کیا۔تقریب سے اپنے خطاب میں وزیر آزاد کشمیر طاہر کھوکھر نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے مختلف مسائل کا شکار ہیں اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ وہ کشمیری عوام ایک جیسے مسائل کا شکار ہونے کے باوجود مختلف برادریوں کے ٹکڑوں میں تقسیم ہیں اور ان کی طاقت بٹی ہوئی ہے۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے آزاد کشمیر کے عوام میں پہلی مرتبہ غریب و متوسط طبقہ کی قیادت کا صرف شعور ہی نہیں دیا بلکہ متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کو آزاد کشمیر کی اسمبلی میں بھیجا۔طاہر کھوکھر نے اپنی وزارت سیاحت کی جانب سے آزاد کشمیر میں سیاحت کے فروغ کیلئے کئے جانے والے اقدامات پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ان کی وزارت آزاد کشمیر میں سیاحت کو فروغ دینے کیلئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھے گی۔اس موقع پر ایم کیو ایم یو کے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ کراچی کی گلیوں میں غریب و متوسط طبقہ سے جنم لینے والی ایم کیو ایم آج سندھ، پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے شہروں تک پھیل چکی ہے اور قائد تحریک الطاف حسین نے ملک میں غریب و متوسط طبقہ کے انقلاب کی جو فکر دی ہے وہ پورے ملک کے غریب و متوسط طبقہ کی آواز بن گئی ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید اور دیگر حق پرست شہیدوں کا خون رنگ لائے گا اور ان کے لہو کی بدولت پاکستان اور آزاد کشمیر میں غریب و متوسط طبقہ کا انقلاب برپا ہوگا۔ایم کیو ایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن منشاء خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ برطانیہ میں آباد کشمیری کمیونٹی جس تیزی سے متحدہ کی جانب سے راغب ہورہی ہے وہ ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین کی سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔شیفیلڈ کے کونسلر شفق محمود نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں نے اپنے ذاتی مفادات کی سیاست کرنے کے بجائے عوام کے مفادات کیلئے کام کیا ہے جس کا اعتراف ایم کیو ایم کے مخالفین بھی کرتے ہیں۔انہوں نے آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے وزیر سیاحت طاہر کھوکھر کی وزارت کے تحت سیاحت کے فروغ کیلئے کئے جانے والے کاموں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیاحت کے فروغ کیلئے جتنا کام اب ہورہا ہے اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے شہید کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید رہنما کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆☆